ملتان سلطانز نے سنسنی خیز مقابلے کے بعد کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کو شکست دے دی

کراچی، 31 جنوری 2022ء:

نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں جاری ایچ بی ایل پی ایس ایل 7 کے ساتویں میچ میں دفاعی چیمپئن ملتان سلطانز نے کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کو 6 رنز سے ہرا کر ٹورنامنٹ میں مسلسل تیسری کامیابی حاصل کرلی ہے۔ 175 رنز کے تعاقب میں کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کی پوری ٹیم 19.5 اوورز میں 168 رنز پر ہمت ہار گئی۔

ڈیوڈ ویلے نے آخری اوور میں 8 رنز کا کامیابی سے دفاع کرنے کے ساتھ ساتھ تین کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھا کر میچ میں اہم کردار ادا کیا۔ شان مسعود نے 88 رنز کی عمدہ اننگز کھیلی۔

کوئٹہ گلیڈی ایٹرز نے مطلوبہ ہدف کے تعاقب کا آغاز کیا تو محض 29 کے مجموعی اسکور پر اس کے دونوں ان فارم اوپنرز احسان علی 24 اور ول سمیڈ 3 رنز بنا کر پویلین واپس لوٹ گئے۔ ان دونوں کو خوشدل شاہ نے آؤٹ کیا۔

اس موقع پر انگلش کرکٹر بین ڈکٹ نے کپتان سرفراز احمد کے ہمراہ ذمہ دارانہ بیٹنگ کرتے ہوئے 68 رنز کی شراکت قائم کرکے دفاعی چیمپئن کے آگے مزاحمت کی کوشش کی تاہم بین ڈکٹ کے 32 گیندوں پر 47 رنز پر پویلین واپس پہنچنے پر کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کی امیدیں دم توڑنے لگیں اور یکے بعد دیگرے مزید تین کھلاڑی آؤٹ ہو کر پویلین واپس لوٹ گئے۔

کپتان سرفراز احمد 21، عاشر قریشی صفر اور محمد نواز ایک اسکور بنا کر آؤٹ ہوگئے۔

یہ وہ موقع تھا کہ جب کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کو آخری چار اوورز میں جیت کے لیے 50 رنز درکار تھے۔ ایسے میں افتخار احمد نے عمران سینئر کے ایک اوور میں دو چھکے اور دو چوکے لگا کر میچ کا پانسہ پلٹنے کی کوشش کی مگر وہ بھی 13 گیندوں پر 30 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئے۔

جیمز فالکنر اور سہیل تنویر بھی اپنی ٹیم کو فتح سے ہمکنار کرنے میں کامیاب نہ ہوسکے اور بالترتیب 18 اور 13 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئے۔ خوشدل شاہ نے اور ڈیوڈ ویلے نے تین تین کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

اس سے قبل ملتان سلطانز نے کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کی دعوت پر پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے شان مسعود کی نصف سنچری کی بدولت مقررہ 20 اوورز میں 4 وکٹوں کے نقصان پر 174 رنز بنائے۔

شان مسعود نے 58 گیندوں پر 6 چوکوں اور 4 چھکوں کی بدولت 88 رنز کی اننگز کھیلی۔ یہ ایونٹ میں ان کی مسلسل دوسری نصف سنچری ہے۔ اختتامی اوورز میں ٹم ڈیوڈ نے ایک چوکے اور دو چھکوں کی مدد سے 28 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی۔

اس سے قبل صہیب مقصود اور رائیلی روسو 21، 21 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئے تھے۔ کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے محمد حسنین نے دو اور جیمز فالکنر نے ایک وکٹ حاصل کی ۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Assistant Manager
Media and Communications

www.psl-t20.com
@thePSLt20
@thePSL
PakistanSuperLeague
@thepsl

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4